سوال

(136) کن ایام میں بیوی سے ہم بستری کرنا منع ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سال کے وہ کون کون سے دن یا راتیں ہیں جن میں بیوی سے ہم بستری مکروہ، حرام یا غیر مناسب ہے؟ جو ہونے والے بچے کے لیے نقصان دہ ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

بیوی کے ساتھ ہم بستری کرنا شرعی طور پر پورے سال کے تمام دنوں اور راتوں میں جائز ہے، کسی دن اس کی ممانعت نہیں ہے، ہاں البتہ اگر آپ نے روزہ رکھا ہوا ہو تو اس روزے کی وجہ سے دن کو ہم بستری کرنا ممنوع ہے۔ باقی رہا بچے کو نقصان کے حوالے سے تو وہ آپ کسی مستند ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی بن باز رحمہ اللہ

جلد دوم